# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

# PERIODICAL REPORT OF

## THE STANDING COMMITTEE ON RELIGIOUS AFFAIRS AND INTER-FAITH HARMONY

**FOR THE PERIOD FROM**
**1st July 2020 to 31st December 2020**

**Presented by**
**Mr. Asad Mahmood**
**Chairman**

# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON RELIGIOUS AFFAIRS AND INTER-FAITH HARMONY

I, Chairman of the Standing Committee on Religious Affairs and Inter-Faith Harmony have the honor to present the Periodical Report of the Committee under rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 for the period from 1st July 2020 to 31st December 2020.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| **1.** | **Mr. Asad Mahmood** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Saleem Rehman | Member |
| 3. | Sahibzada Sibghatullah | Member |
| 4. | Mr. Muhammad Bashir Khan | Member |
| 5. | Prince Muhammad Nawaz Allai | Member |
| 6. | Mr. Mujahid Ali | Member |
| 7. | Mr. Muhammad Iqbal Khan | Member |
| 8. | Raja Riaz Ahmad | Member |
| 9. | Ch. Javed Iqbal Warraich | Member |
| 10. | Mr. Jamshed Thomas | Member |
| 11. | Ms. Saira Bano | Member |
| 12. | Ms. Shunila Ruth | Member |
| 13. | Choudhary Faqir Ahmad | Member |
| 14. | Begum Tahira Bokhari | Member |
| 15. | Syed Imran Ahmad Shah | Member |
| 16. | Mr. Kesoo Mal Kheeal Das | Member |
| 17. | Mahar Irshad Ahmad Khan | Member |
| 18. | Pir Syed Fazal Ali Shah Jillani | Member |
| 19. | Ms. Shagufta Jumani | Member |
| 20. | Ms. Shahida Akhtar Ali | Member |
| 21. | Mr. Noor-ul-Haq Qadri<br>Minister for Religious Affairs and Inter-faith Harmony | Ex-officio Member |
| | Ch. Mukhtar Ahmed | Secretary Committee |

**Note:** No change was made in the composition of the Committee during the said period.

3. On 1st July 2020, the following Bills / matters referred by the National Assembly / Honourable Speaker were pending before the Committee.

| S. NO. | BILL | REFERRED ON |
|---|---|---|
| 1. | The Protection of Persons against Forced Religious Conversion Bill, 2019<br>(Private Member Bill moved by Mr. Ramesh Kumar Vankwani, MNA) | 08-05-2019 |
| 2. | Matter Referred to the concerned Standing Committee under rule 199 of the rules of procedure and conduct of the business in the National Assembly, 2007 (Moved by Chaudhary Tariq Bashir Cheema, Minister For Housing and Works) | 06-01-2020 |
| 3. | "The Protection of Communal Properties of Minorities (Amendment), Act, 2020" moved by Pir Noor-ul-Haq Qadri, Minister for Religious Affairs and Inter-Faith Harmony, | 13-01-2020 |
| 4. | Reference to inquire into the conduct of the Minister of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony, under rule 199 of Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 2007, in auctioning of Ramna building, Islamabad. (Moved by Mr. Mohsin Nawaz Ranjha, MNA) | 13-02-2020 |
| 5. | Calling Attention Notice No. 12 moved by Chaudhary Muhammad Barjees Tahir, MNA in the House on 9th March 2020 regarding deletion of oath of finality of Prophethood of last Prophet Syeduna Hazrat Muhammad ur Rasool Ullah (خاتم النبین سیدنا محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہٖ وآلہٖ وسلم) from hajj forms 2020. (Moved by Chaudhary Muhammad Barjees Tahir, MNA) | 09-03-2020 |
| 6. | Conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents in respect of Khatm-e-Nabuwat and further proposals regarding strengthening the safety mechanism for conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents. (Moved by Mr. Mohsin Nawaz Ranjha, MNA) | 09-03-2020 |

4. The Committee held following meetings:-

| S. NO. | DATE, TIME & VENUE OF MEETING | ATTENDANCE OF MNAs | AGENDA |
|---|---|---|---|
| 1. | 28th July 2020 at 11:00 a.m. in Committee Room of Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith | 18 Members including Chairman, Parliamentary Secretary and the | i. Recitation from the Holy Quran;<br>ii. Approval of minutes of previous meeting held on 28-02-2020;<br>iii. Discussion on the policy of the Government for Zeyarat (زیارات) in |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | Harmony, Kohsar Block, Pak-Secretariat, Islamabad. | Mover attended the meeting. | order to facilitate the Zaireen (زائرین);<br>iv. Examination of the Bill titled "The Protection of Persons Against Forced Religious Conversion Bill" (moved by Dr. Ramesh Kumar Vankwani, MNA); and<br>v. Any other item with permission of the chair. |
| 2. | **11th September 2020** at 10:30 a.m. in Committee Room of Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony, Kohsar Block, Pak-Secretariat, Islamabad. | **20 Members** including Chairman, Minister and the Mover attended the meeting. | i. Recitation from the Holy Quran;<br>ii. Approval of the minutes of the previous meeting held on 28-07-2020;<br>iii. Consideration of Compliance Report(s) on the recommendations of the Committee;<br>iv. Follow up of the recommendation of the Committee on the "Resolution condemning the printing of blasphemous literature by international and private sector" (moved by Chaudhary Tariq Bashir Cheema, Minister for Housing and Works, in the august House on 6th January 2020);<br>v. Consideration of Calling Attention Notice No. 12 (moved by Honourable Chaudhary Muhammad Barjees Tahir, MNA) regarding deletion of oath of finality of Prophethood of last Prophet Syeduna Muhammad-ur-Rasoolullah (خاتم النبین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہِ وآلہِ وسلم) from Hajj forms 2020-21;<br>vi. Discussion on conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents in respect of Khatm-e-Nabuwat (ختم نبوت) and further proposals regarding strengthening the safety mechanism for conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents (moved by Honourable Mr. Mohsin Nawaz Ranjha, MNA);<br>vii. Consideration of the issues regarding the Evacuee Trust Properties; and<br>viii. Any other item with permission of the chair. |

5. The performance of the Committee with reference to the said meeting is detailed below:-

| S.NO | DATE/AGENDA | RECOMMENDATIONS | REMARKS |
|---|---|---|---|
| 01. | **28th July 2020**<br>i. Recitation from the Holy Quran;<br>ii. Approval of minutes of previous meeting held on 28-02-2020;<br>iii. Discussion on the policy of the Government for Zeyarat (زیارات) in order to facilitate the Zaireen (زائرین);<br>iv. Examination of the Bill titled "The Protection of Persons Against Forced Religious Conversion Bill" (moved by Dr. Ramesh Kumar Vankwani, MNA); and<br>Any other item with permission of the chair. | i. The Committee welcomed the new Secretary, Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony, Sardar Ijaz Ahmed Khan Jaffar, and appreciated his efforts for streamlining the work of the Ministry, especially, his efforts regarding blocking of blasphemous websites. The Committee was of the view that he would implement the recommendations of the Standing Committee in letter and spirit. | Complied. |
| | | ii. Training hall at Hajj Directorate, Quetta may be completed without further delay. | Compliance awaited. |
| | | iii. Construction of pilgrims residential block No. 3 and allied services in Hajj Directorate, Hayatabad, Peshawar may be completed without further delay. | Compliance awaited. |
| | | iv. For the protection of sanctity of old pages of the Holy Quran and other Holy papers the Recycling Plant may be established on priority basis. | Compliance awaited. |
| | | v. The Committee recommended that the Bill titled "The Protection of Persons Against Forced Religious Conversion Bill, 2019" moved by Dr. Ramesh Kumar Vankwani, MNA may not be passed by the Assembly. Hence, the Standing Committee disposed of the Bill, accordingly. | Disposed of. |
| | | vi. The train between Quetta and Taftan be restarted, forthwith. | Compliance awaited. |
| | | vii. Better facilities of accommodation and food should be made available for Zaireen (زائرین) at Taftan Border. | Compliance awaited. |
| | | viii. The Committee appreciated and | Compliance |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | endorsed the idea of the Ministry to open an office of Director General at Karbala-e-Mualla (کربلا معلیٰ). The Committee recommended that the office might be opened, forthwith. | awaited. |
| | | ix. That, like Karbala-e-Mualla (کربلا معلیٰ), an office of Director General be also established at Mashhad (مشہد شریف). | Compliance awaited. |
| | | x. Two offices, to facilitate the Zaireen may also be opened both at Najaf-e-Ashraf (نجفِ اشرف) and Baghdad Sharif (بغداد شریف). | Compliance awaited. |
| | | xi. The Ministry may follow up the Interior Ministry and the Provincial Governments regarding the confiscation of books having blasphemous contents, as already recommended by the Committee and initiated by the Ministry. | Reply received. |
| | | xii. The Ministry may table a piece of legislation regarding moon sighting as two provinces have already requested the Federal Government for such legislation. | Compliance awaited. |
| | | xiii. A report regarding the killing of Nadeem Joseph in Peshawar may be got furnished from IG, KPK and Chief Secretary, KPK. (Note: The Committee has condemned the killing of Nadeem Joseph in Peshawar.) | Complied. |
| | | xiv. The Committee corrected the minutes of previous meeting by making the following amendments:<br>i. in para 13 sub para 1) iii the word "para" is replaced with "part".<br>ii. in para 13 sub para 1) iii the word "of" is replaced with "i.e.". | Complied. |
| | | xv. The SOPs, regarding annual delegation for Ziara-e-Khas (زیارہ خاص) of the last Prophet Syeduna | Notification awaited. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | Muhammad (خاتم النبین سیدنا محمد رسول<br>الله صلی الله علیہ وآلہٖ وسلم) at his Roza Mubarik, to pay homage on behalf of the people of Islamic Republic of Pakistan in recognition and gratitude of his blessings for the humanity, may be finalized forthwith and the same may be notified by Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony. | |
| | | xvi. The Members of the Standing Committee of National Assembly on Religious Affairs and Inter-Faith Harmony may be given precedence while constituting the annual delegation for Ziara-e-Khas of the last Prophet Syeduna Muhammad (خاتم النبین سیدنا محمد رسول الله صلی الله<br>علیہ وآلہٖ وسلم) at his Roza Mubarik, to pay homage on behalf of the people of Islamic Republic of Pakistan in recognition and gratitude of his blessings for the humanity. | Being complied. |
| | | xvii. The Committee unanimously approved the report of the Committee on the Bill titled "Protection of Communal Properties of Minorities (Amendment), Act, 2020". | Disposed of. |
| | | xviii. The issues regarding the Evacuee Trust Properties may be included in the agenda of next meeting. | Complied. |
| 02. | **11th September 2020**<br>i. Recitation from the Holy Quran;<br>ii. Approval of the minutes of the previous meeting held on 28-07-2020;<br>iii. Consideration of Compliance Report(s) on the recommendations of the Committee;<br>iv. Follow up of the recommendation of the Committee on the "Resolution condemning the printing of | i. The Committee authorized honourable Chairman of the Standing Committee, Mr. Asad Mahmood, to meet the honourable Speaker and inform him that the members of the Committee wanted to visit Iran and Iraq to examine the arrangements regarding the establishment of the offices of the Director Generals, for Zaireen (زائرین), there. | Meeting is yet to take place. |
| | | ii. The Committee directed the Ministry of Religious Affairs and Inter Faith | Reply received. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | blasphemous literature by international and private sector" (moved by Chaudhary Tariq Bashir Cheema, Minister for Housing and Works, in the august House on 6th January 2020);<br>v. Consideration of Calling Attention Notice No. 12 (moved by Honourable Chaudhary Muhammad Barjees Tahir, MNA) regarding deletion of oath of finality of Prophethood of last Prophet Syeduna Muhammad-ur-Rasoolullah (خاتم النبین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) from Hajj forms 2020-21;<br>vi. Discussion on conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents in respect of Khatm-e-Nabuwat (ختم نبوت) and further proposals regarding strengthening the safety mechanism for conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents (moved by Honourable Mr. Mohsin Nawaz Ranjha, MNA);<br>vii. Consideration of the issues regarding the Evacuee Trust Properties; and<br>viii. Any other item with permission of the chair. | Harmony to keep following up the letters sent to Provincial Governments, GB, Kashmir and other concerned regarding ban and confiscation of blasphemous literature till all provinces and others take concrete and appropriate action, in this regard, and furnish the compliance report to the Committee. | |
| | | iii. The Committee disposed of the Calling Attention Notice No. 12. | Disposed of. |
| | | iv. The Standing Committee directed that a meeting of DAC, of Ministry of Religious Affairs and Inter Faith Harmony, must be held forthwith to look into, all of the 144, irregularities indicated by the audit team and a comprehensive report be furnished to the Committee. | Compliance awaited. |
| | | v. It was decided to examine the problems of Evacuee Trust Property Board in the meeting of the Committee again. | Yet to be complied. |
| | | vi. The Committee appointed a Sub-Committee under Convenership of honourable Syed Imran Ahmad Shah, MNA, which shall submit its report in thirty days. Members National Assembly including honourable Mr. Mujahid Ali, MNA, honourable Ms. Shagufta Jumani, MNA and honourable Ms. Shahida Akhtar Ali, MNA, will be the Members of the Sub-Committee. | Complied |
| | | vii. The Committee recommended that the Sub-Committee:<br>i) may keep all of the law departments of provinces, including GB and Kashmir, on board;<br>ii) may consider the unification of oath in the Election Commission laws, passport forms, CNIC forms and all other such documents which | Complied. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | are used for mandatory oath for Muslims; and<br>iii) may examine the possibility to insert the oath in the Nikah Nama (نکاح نامہ). | |
| | | viii. The Committee approved the SOPs for for Ziara-e-Khas of the Prophet Muhammad (Peace Be Upon Him) at his Roza Mubarik, to pay homage on behalf of the people of Islamic Republic of Pakistan in recognition and gratitude of his blessings for the humanity and directed that the SOPs be notified by Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony in the Gazzette of Pakistan and the copy of the same may be furnished to the Standing Committee. | Disposed of. |

6. The performance of Sub-Committee is as under:-

| COMPOSITION | TORs | DATE/ VENUE OF MEETIN G | RECOMMENDATIONS/ REPORT |
|---|---|---|---|
| (1) Honourable Syed Imran Ahmad Shah, MNA, Convener<br>(2) Honourable Mr. Mujahid Ali, MNA, Member<br>(3) Honourable Ms. Shagufta Jumani, MNA Member<br>(4) Honourable Ms. Shahida Akhtar Ali, MNA Member | (1) To look into the matter of conservation and unification of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents in respect of *Khatm-e-Nabuwat* (ختم نبوت) and to give further proposals regarding strengthening the safety mechanism for conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents with respect to *Khatm-e-Nabuwat* (ختم نبوت) ; and | 23-11-2020 at 02:00 p.m. in Committee Room of Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony, Kohsar Block, Pak-Secretariat, Islamabad. | i) The Ministry of Law and Justice shall furnish list of all laws which protect the sanctity of the Holy Prophet or which protect the finality of the Holy Prophet *Muhammad ur Rasool Ullah Khatam un Nabieen* (سیدنا محمد رسول الله خاتم النبیین صلی الله علیہ وآلہٖ اصحابہ وسلم) including the forms and schedules where oath regarding finality of Prophethood is necessary.<br>ii) Mr. Qammar Sohail Lodhi may revisit the bill, prepared by him for unification of laws with respect of *Khatm-e-Nabuwwat* (ختم نبوت), and submit its final version in the next meeting. Mr. Muhammad Aslam, Deputy Draftsman, Ministry of Law |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | (2) The Sub-Committee will submit its report within thirty days. | | and Justice, Islamabad, shall assist Mr. Qammar Sohail Lodhi in this regard.<br>iii) Mr. Qammar Sohail Lodhi and Syed Habib-ul-Haque Shah, Jamia Rizvia Zia Ul Uloom, D-Block, Satellite Town, Rawalpindi.be invited, in the meetings of the sub-Committee to be held in the days to come, as special invitees.<br>iv) The Sub-Committee unanimously recommended that a Commission to protect the sanctity and finality of Last Prophet may be established.<br>v) The education departments shall also be requested to include the belief of finality of Prophethood (عقیدہ ختم نبوت) in the syllabi of all classes.<br>vi) The Committee recommended that an oath regarding finality of Prophethood be also included in Nikkah Form.<br>vii) Council of Islamic Ideology shall furnish copy of its recommendation regarding amendments (use of good words) in the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.<br>viii) PIA should write Makkah instead of Mecca on its all letters and displays.<br>ix) The words regarding belief in the finality of Prophethood of Holy Prophet *Muhammad ur Rasool Ullah Khatam un Nabieen* (سیدنا محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ اصحابہ وسلم) be also included in the oath taken in the courts. |
| | | **23rd December 2020** at 11:00 a.m. in | i) Next meeting of the Sub-Committee shall be held in-camera.<br>ii) Honourable Mohsin Nawaz |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | Committee Room No. 7, Fourth Floor, Parliament House, Islamabad. | | Ranjha, MNA, Mr. Qamar Sohail Lodhi, Special Secretary, National Assembly Secretariat, Mr. Muhammad Aslam, Deputy Draftsman, Ministry of Law and Justice and the Secretary Committee should meet in the office of the Special Secretary, National Assembly Secretariat on 24th December 2020 and merge the Bills drafted by Mr. Qamar Sohail Lodhi and Mr. Muhammad Aslam. |
| | | | iii) | The Sub-Committee decided to improve the old text of the affidavit, related to the finality of Prophethood (ختم نبوت) and decided to send the new text to Council of Islamic Ideology for their expert opinion and thereafter to Ministry of Law and Justice for vetting. The new oath may be as follows:-<br>"۱۔ میں مسلمان ہوں اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو آخری نبی مانتا / مانتی ہوں۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے آخری نبی ہونے کا زبان سے اقرار کرتا / کرتی ہوں اور دل و جان سے اس پر ایمان اور یقین رکھتا / رکھتی ہوں۔<br>۲۔ مزید برآں میں اس بات کی تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میں خاتم النبیین والمرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی مکمل، حتمی اور غیر مشروط ختم نبوت پر ایمان رکھتا / رکھتی ہوں۔ اور یہ کہ میں نہ کسی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | ایسے شخص پر ایمان رکھتا/رکھتی ہوں اور نہ اُسے بطور پیغمبر یا مذہبی مصلح / مجدد مانتا/ مانتی ہوں۔ جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم کے بعد نبی یا پیغمبر ہونے کا کسی بھی مفہوم یا کسی بھی تشریح کے لحاظ سے دعویٰ کیا یا کرتا/کرتی ہو اور نہ ہی میں قادیانی گروپ یا لاہوری گروپ جو خود کو احمدی یا کسی اور نام سے موسوم کرتے ہیں سے تعلق رکھتا /رکھتی ہوں۔<br>۳۔ میں اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بعد نبوت کے ہر دعوے دار بشمول مرزا غلام احمد قادیانی اور اُس کے تمام پیروکاروں، کو جھوٹا اور لعنتی سمجھتا / سمجھتی ہوں۔"<br>iv) The Sub-Committee decided to consult Muslim Ulema and Religious Scholars (مسلمان علمائے کرام و مفتیانِ کرام), regarding the text of the oath before it is finally notified.<br>v) The Sub-Committee decided to prepare a Bill to establish "National Commission for Protection of Sanctity of Prophet-Hood and the Belief of finality of Prophet-Hood (قومی کمیشن برائے تحفظ ناموس رسالت و عقیدہ ختم نبوت)".<br>vi) A new paragraph No. 26 regarding affidavit about finality of Prophethood be inserted in the Nikkah Form.<br>vii) Auqaf and Religious Affairs |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | Department of Azad Jammu and Kashmir (AJK) may furnish details of their Department, especially, regarding the role of the Department and the role of Muslim Ulema and Religious Scholars (مسلمان علمائے کرام و مفتیان کرام) about the celebration of marriage and preservation of record be submitted to the Sub-Committee. |

7. On 31st December 2020, following Bills referred by the National Assembly/ Hon. Speaker were pending before the Committee.

| S.#. | BILL | REFERRED ON |
|---|---|---|
| 1. | Matter Referred to the concerned Standing Committee under rule 199 of the rules of procedure and conduct of the business in the National Assembly, 2007 (Moved by Chaudhary Tariq Bashir Cheema, Minister For Housing and Works) | 06-01-2020 |
| 2. | Reference to inquire into the conduct of the Minister of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony, under rule 199 of Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 2007, in auctioning of Ramna building, Islamabad. (Moved by Mr. Mohsin Nawaz Ranjha, MNA) | 13-02-2020 |
| 3. | Conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents in respect of Khatm-e-Nabuwat and further proposals regarding strengthening the safety mechanism for conservation of all laws / rules / statutes / forms / statutory documents. (Moved by Mr. Mohsin Nawaz Ranjha, MNA) | 09-03-2020 |

Sd/-
**(ASAD MAHMOOD)**
Chairman

Sd/-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 1st September 2021

# قومی اسمبلی پاکستان

## قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی میعادی رپورٹ

برائے مدت

یکم جولائی، ۲۰۲۰ء تا ۳۱/ دسمبر، ۲۰۲۰ء

پیش کردہ منجانب

جناب اسعد محمود

چیئرمین

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی میعادی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔ الف کے تحت یکم جولائی، ۲۰۲۰ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء کے عرصہ کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **جناب اسعد محمود** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب سلیم رحمان | رکن |
| ۳۔ | صاحبزادہ صبغت اللہ | رکن |
| ۴۔ | جناب محمد بشیر خان | رکن |
| ۵۔ | پرنس محمد نواز الائی | رکن |
| ۶۔ | جناب مجاہد علی | رکن |
| ۷۔ | جناب محمد اقبال خان | رکن |
| ۸۔ | راجہ ریاض احمد | رکن |
| ۹۔ | چوہدری جاوید اقبال وڑائچ | رکن |
| ۱۰۔ | جناب جمشید تھومس | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ سائرہ بانو | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ شنیلہ روت | رکن |
| ۱۳۔ | چوہدری فقیر احمد | رکن |
| ۱۴۔ | بیگم طاہرہ بخاری | رکن |
| ۱۵۔ | سید عمران احمد شاہ | رکن |
| ۱۶۔ | جناب کیسو مل کھیل داس | رکن |
| ۱۷۔ | مہر ارشاد احمد خان | رکن |
| ۱۸۔ | پیر سید فضل علی شاہ جیلانی | رکن |
| ۱۹۔ | محترمہ شگفتہ جمانی | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شاہدہ اختر علی | رکن |
| ۲۱۔ | جناب نور الحق قادری<br>وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی | رکن بلحاظ عہدہ |

---

چوہدری مختار احمد — سیکرٹری کمیٹی

**نوٹ:**

مذکورہ عرصہ کے دوران قائمہ کمیٹی کی ہیئت ترکیبی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔

۳۔ یکم جولائی، ۲۰۲۰ء کو قومی اسمبلی رمعزز اسپیکر کی جانب سے سپرد کردہ حسب ذیل بل رمعاملات کمیٹی کے سامنے زیر التواء تھے۔

| نمبر شمار | بل رمعاملات | سپرد کردہ تاریخ |
|---|---|---|
| ۱ | افراد کو جبراً مذہب تبدیل کرنے سے تحفظ فراہم کرنے کا بل، ۲۰۱۹ء (نجی رکن کا بل پیش کردہ منجانب ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی، رکن قومی اسمبلی) | ۸رمئی، ۲۰۱۹ء |
| ۲ | قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۹۹ کے تحت متعلقہ قائمہ کمیٹی کے حوالہ کیا گیا معاملہ (محرک چوہدری طارق بشیر چیمہ، وزیر برائے مکانات و تعمیرات) | ۶رجنوری، ۲۰۲۰ء |
| ۳ | "اقلیتوں کی اشتمالی املاک کا تحفظ (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء" محرک پیر نورالحق قادری، وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی | ۱۳رجنوری، ۲۰۲۰ء |
| ۴ | قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۹۹ کے تحت رمنا بلڈنگ، اسلام آباد کی نیلامی میں وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے کردار کی بابت تفتیش کا حوالہ۔(محرک جناب محسن نواز رانجھا، رکن قومی اسمبلی) | ۱۳رفروری، ۲۰۲۰ء |
| ۵ | ۹رمارچ، ۲۰۲۰ء کو ایوان میں چوہدری محمد برجیس طاہر، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے دیا گیا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۱۲ جو کہ حج فارم ۲۰۲۰ء سے خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی ختم نبوت کے حلف نامہ کے حذف ہونے کی بابت تھا۔(محرک چوہدری محمد برجیس طاہر، رکن قومی اسمبلی) | ۹رمارچ، ۲۰۲۰ء |
| ۶ | ختم نبوت اور مزید تجاویز کے ضمن میں تمام قوانین رقواعد رضوابط رفارمز رقانونی دستاویز کا تحفظ جو کہ تمام قوانین رقواعد رضوابط رفارمز رقانونی دستاویزات کے تحفظ کے لیے محفوظ طریق کار پر زور سے متعلق ہے۔(محرک جناب محسن نواز رانجھا، رکن قومی اسمبلی) | ۹رمارچ، ۲۰۲۰ء |

۴۔ کمیٹی کے حسب ذیل اجلاس منعقد ہوئے:۔

| نمبر شمار | تاریخ، وقت و مقام اجلاس | اراکین قومی اسمبلی کی حاضری | ایجنڈا |
|---|---|---|---|
| ۱ | **۲۸رجولائی، ۲۰۲۰ء** **صبح گیارہ بجے،** کمیٹی روم وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، کوہسار بلاک، پاک سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔ | ۱۸راراکین بشمول چیئرمین، پارلیمانی سیکرٹری اور محرک نے اجلاس میں شرکت کی۔ | i) تلاوت قرآن پاک؛<br>ii) گزشتہ اجلاس منعقدہ ۲۸رفروری، ۲۰۲۰ء کی روداد کی منظوری۔<br>iii) زائرین کی سہولت کے لیے زیارات کی بابت حکومت کی پالیسی پر بحث؛<br>iv) ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ بل بعنوان "افراد کو جبراً" مذہب تبدیل کرنے سے تحفظ فراہم کرنے کے بل" کا جائزہ؛ اور<br>v) صدر نشین کی اجازت سے کوئی دیگر نکتہ۔ |
| ۲ | **۱۱رستمبر، ۲۰۲۰ء** **صبح ساڑھے دس بجے،** کمیٹی روم وزارت مذہبی امور و | ۲۰راراکین بشمول چیئرمین، وزیر اور محرک نے اجلاس میں | i) تلاوت قرآن پاک؛<br>ii) ۲۸رجولائی، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ گزشتہ اجلاس کی روداد کی منظوری۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | بین المذاہب ہم آہنگی، کوہسار بلاک، پاک سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔ | شرکت کی۔ | iii) کمیٹی کی سفارشات پر تعمیلی رپورٹ (رپورٹوں) پر غور؛<br>iv) چوہدری طارق بشیر چیمہ، وزیر برائے مکانات و تعمیرات کی جانب سے ۶/ جنوری ۲۰۲۰ء کو معزز ایوان میں پیش کردہ قرار داد جس میں بین الاقوامی اور نجی شعبہ کی جانب سے توہین آمیز مواد کی اشاعت کی مذمت کی گئی، پر کمیٹی کی سفارشات پر تعمیلی رپورٹ کا جائزہ؛<br>v) عزت مآب چوہدری محمد برجیس طاہر، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۱۲ پر غور جو حج فارم ۲۱۔۲۰۲۰ء سے خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت کے حلف نامے کے حذف ہونے سے متعلق ہے۔<br>vi) ختم نبوت کے ضمن میں تمام قوانین / قواعد / ضوابط / فارمز / قانونی دستاویزات کا تحفظ جو کہ تمام قوانین / قواعد / ضوابط / فارمز / قانونی دستاویزات کے تحفظ کے لیے محفوظ طریق کار اور اس سلسلے میں مزید تجاویز پر بحث۔ (محرک جناب محسن نواز رانجھا، رکن قومی اسمبلی)<br>vii) متروکہ وقف املاک سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال؛ نیز<br>viii) صدر نشین کی اجازت سے کوئی دیگر نکتہ۔ |

۵۔ مذکورہ بالا اجلاسوں سے متعلق کمیٹی کی کارکردگی کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | تاریخ / ایجنڈا | سفارشات | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | **۲۸/ جولائی، ۲۰۲۰ء**<br>i) تلاوت قرآن پاک؛<br>ii) ۲۸/ فروری، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ گزشتہ اجلاس کی روداد کی منظوری۔<br>iii) زائرین کی سہولت کے لیے زیارات کی بابت حکومت کی پالیسی پر بحث؛<br>iv) ڈاکٹر رمیش کمار وینکوانی، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ بل بعنوان "افراد کو جبراً مذہب تبدیل کرنے سے تحفظ فراہم کرنے کے بل" کا جائزہ؛ اور<br>v) صدر نشین کی اجازت سے کوئی دیگر نکتہ۔ | i) کمیٹی نے نئے سیکرٹری، وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، سردار اعجاز احمد خان جعفر کو خوش آمدید کہا اور وزارت کے معاملات کو سدھارنے کی بابت ان کی کوششوں کو سراہا خاص طور پر توہین آمیز ویب سائٹس کو بلاک کرنے سے متعلق ان کی کوششوں کی تحسین کی۔<br>ii) حج ڈائریکٹوریٹ، کوئٹہ میں تربیتی ہال مزید تاخیر کے بغیر مکمل کیا جاسکتا ہے۔<br>iii) حج ڈائریکٹوریٹ، حیات آباد پشاور میں عازمین حج کے رہائشی بلاک نمبر ۳/ اور متعلقہ خدمات کی تعمیر مزید کسی تاخیر کے بغیر مکمل کیا جائے۔<br>iv) قرآن پاک کے پرانے صفحات اور دیگر مقدس اوراق کی حرمت کے تحفظ کے لیے ترجیحی بنیاد پر ری سائیکلنگ | تعمیل کر دی گئی<br><br>تعمیل کا انتظار ہے۔<br><br>تعمیل کا انتظار ہے۔<br><br>تعمیل کا انتظار ہے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | پلانٹ قائم کیا جائے۔ | |
| | | v) کمیٹی نے سفارش کی کہ بل بعنوان "افراد کو جبراً مذہب تبدیل کرنے سے تحفظ فراہم کرنے کا بل، ۲۰۱۹ء" جو ڈاکٹر رمیش کمار وینکوانی، رکن قومی اسمبلی نے پیش کیا، کی اسمبلی منظوری نہ دے۔ چنانچہ قائمہ کمیٹی نے اس بل کو نمٹا دیا۔ | نمٹا دیا گیا |
| | | vi) کوئٹہ اور تفتان کے درمیان ریل گاڑی فوری طور پر دوبارہ شروع کی جائے۔ | تعمیل کا انتظار ہے۔ |
| | | vii) تفتان باڈر پر زائرین کے لیے قیام اور طعام کی بہتر سہولیات مہیا کی جائیں۔ | تعمیل کا انتظار ہے۔ |
| | | viii) کمیٹی نے کربلائے معلیٰ میں ڈائریکٹر جنرل کا دفتر کھولنے سے متعلق وزارت کی رائے کی تائید کی۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ مذکورہ دفتر فی الفور کھولا جائے۔ | تعمیل کا انتظار ہے۔ |
| | | ix) یہ کہ کربلائے معلیٰ کی طرح مشہد شریف میں بھی ڈائریکٹر جنرل کا دفتر قائم کیا جائے۔ | تعمیل کا انتظار ہے۔ |
| | | x) نجف اشرف اور بغداد شریف دونوں مقامات پر زائرین کی سہولت کے لیے دو دفاتر کھولے جائیں۔ | تعمیل کا انتظار ہے |
| | | xi) وزارت، توہین آمیز متن کی حامل کتب کو ضبط کرنے سے متعلق وزارت داخلہ اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ تائیدی (Follow-up) اقدامات کرے جس کی کمیٹی پہلے ہی سفارش کر چکی ہے اور وزارت نے آغاز کر دیا ہے۔ | جواب موصول ہو گیا |
| | | xii) وزارت رویت ہلال سے متعلق قانون سازی کے لیے مسودہ قانون پیش کرے کیونکہ دو صوبوں کی جانب سے وفاقی حکومت سے ایسی قانون سازی کی پہلے ہی استدعا کی جا چکی ہے۔ | تعمیل کا انتظار ہے |
| | | xiii) آئی جی۔ کے پی اور چیف سیکرٹری کے پی سے پشاور میں ندیم جوزف کی ہلاکت کے بارے میں رپورٹ پیش کرنے کو کہا جائے۔ (نوٹ: کمیٹی نے پشاور میں ندیم جوزف کو ہلاک کئے جانے کی مذمت کی ہے۔) | تعمیل ہو گئی |
| | | xiv) کمیٹی نے گزشتہ اجلاس کی روداد میں درج ذیل | تعمیل ہو گئی |

| نمبر شمار | اجلاس کی تاریخ / ایجنڈا | فیصلے / سفارشات | کیفیت |
|---|---|---|---|
| | | ترامیم کرتے ہوئے تصحیح کی:<br>i۔ پیرا ۱۳۱ میں، ذیلی پیرا (ا)iii میں، لفظ ''پیرا'' کو لفظ ''پارٹ'' سے تبدیل کر دیا جائے۔<br>ii۔ پیرا ۱۳۱ میں، ذیلی پیرا (ا)iii میں، لفظ ''of'' کو ''i-e'' سے تبدیل کر دیا جائے۔ | |
| | | xv) کمیٹی نے روضہ مبارک پر سیدنا حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہِ واصحابہِ وسلم کی زیارت خاص کے لیے ایس اوپیز کی منظوری دی تا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عوام کی جانب سے انسانیت پر اُن کے احسانات کا اعتراف اور تشکر کیا جائے اور ہدایت کی کہ پاکستان کے گزٹ میں وزارت مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی کی جانب سے ایس اوپیز مشتہر کیے جائیں اور اس کی نقل قائمہ کمیٹی کو پیش کی جائے۔ | نوٹیفکیشن کا انتظار ہے |
| | | xvi) انسانیت پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احسانات کے اعتراف اور شکرانہ کے طور پر اسلامی جمہوریہ پاکستان کی عوام کی جانب سے نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لیے خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک کی زیادہ خاص کے لیے سالانہ وفد کی تشکیل کرتے وقت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے اراکین کو ترجیح دی جائے۔ | عمل درآمد کیا جا رہا ہے |
| | | xvii) کمیٹی نے بل بعنوان ''اقلیتوں کی اشتمالی املاک کے تحفظ کے (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء'' پر کمیٹی کی رپورٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی۔ | نمٹا دیا گیا |
| | | xviii) متروکہ وقف املاک سے متعلق امور کو آئندہ اجلاس کے ایجنڈا میں شامل کیا جائے۔ | تعمیل ہو گئی |
| ۲ | **۱۱/ستمبر، ۲۰۲۰ء**<br>i) تلاوت قرآن پاک؛<br>ii) ۲۸/جولائی، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ گزشتہ اجلاس کی روداد کی منظوری۔<br>iii) کمیٹی کی سفارشات پر تعمیلی رپورٹ (رپورٹوں) پر غور؛ | i) کمیٹی نے قائمہ کمیٹی کے معزز چیئرمین اسعد محمود کو معزز اسپیکر سے ملاقات کرنے اور انہیں مطلع کرنے کا مجاز بنایا کہ کمیٹی کے اراکین ایران اور عراق کا دورہ کرنا چاہتے ہیں تا کہ وہاں زائرین کے لیے ڈائریکٹر جنرل کے دفاتر کے قیام سے متعلق انتظامات کا جائزہ لیں۔ | ملاقات ابھی ہونا باقی ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | iv) چوہدری طارق بشیر چیمہ، وزیر برائے مکانات و تعمیرات کی جانب سے ۲۶ جنوری ۲۰۲۰ء کو معزز ایوان میں پیش کردہ قرار داد جس میں بین الاقوامی اور نجی شعبہ کی جانب سے توہین آمیز مواد کی اشاعت کی مذمت کی گئی، پر کمیٹی کی سفارشات پر تعمیلی رپورٹ کا جائزہ؛<br>v) معزز چوہدری محمد برجیس طاہر، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۱۲ پر غور جو حج فارم ۲۱-۲۰۲۰ء سے خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت کے حلف نامے کے حذف ہونے سے متعلق ہے؛ | ii) کمیٹی نے وزارت برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کو ہدایت دی کہ وہ صوبائی حکومتوں، جی بی، کشمیر اور دیگر متعلقین کو توہین آمیز مواد پر پابندی اور ضبط کئے جانے سے متعلق ارسال کردہ خطوط پر ہونے والی کارروائی کی پیروی کرتے رہیں، تاوقتیکہ تمام صوبے اور دیگر متعلقین اس ضمن میں ٹھوس اور مناسب کارروائی نہ کرلیں اور کمیٹی کو تعمیل سے متعلق رپورٹ پیش کریں۔ | جواب موصول ہو گیا ہے |
| | | iii) کمیٹی نے توجہ دلاؤ نوٹس نمبر12 نمٹا دیا۔ | نمٹا دیا گیا |
| | vi) ختم نبوت کے ضمن میں تمام قوانین / قواعد / ضوابط / فارمز / قانونی دستاویزات کا تحفظ جو کہ تمام قوانین / قواعد / ضوابط / فارمز / قانونی دستاویزات کے تحفظ کے لیے محفوظ طریق کار اور اس سلسلے میں مزید تجاویز پر بحث ۔(محرک جناب محسن نواز رانجھا، رکن قومی اسمبلی) | iv) قائمہ کمیٹی نے ہدایت کی کہ آڈٹ ٹیم کی جانب سے نشاندہی کردہ جملہ 144 بے ضابطگیوں کی چھان بین کرنے کے لیے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی ڈی اے سی کے اجلاس کا فوری طور پر انعقاد کرے اور ایک جامع رپورٹ کمیٹی کو پیش کی جائے۔ | تعمیل کا انتظار ہے |
| | | v) فیصلہ کیا گیا کہ کمیٹی کے اجلاس میں متروکہ وقف املاک بورڈ کے مسائل کا ایک بار پھر جائزہ لیا جائے گا۔ | تعمیل ہونا ابھی باقی ہے |
| | vii) متروکہ وقف املاک سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال؛ نیز<br>viii) صدر نشین کی اجازت سے کوئی دیگر نکتہ۔ | vi) کمیٹی نے عزت مآب سید عمران احمد شاہ، رکن قومی اسمبلی کی کنوینر شپ کے تحت ایک ذیلی کمیٹی کا تقرر کیا جو تیس دنوں میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ اراکین قومی اسمبلی بشمول جناب مجاہد علی، رکن قومی اسمبلی، محترمہ شگفتہ جمانی، رکن قومی اسمبلی اور محترمہ شاہدہ اختر علی، رکن قومی اسمبلی ذیلی کمیٹی کے اراکین ہوں گے۔ | تعمیل ہوگئی |
| | | vii) کمیٹی نے سفارش کی کہ ذیلی کمیٹی:<br>i) صوبوں بشمول جی بی اور کشمیر کے جملہ محکمہ ہائے قانون سے رابطہ رکھے؛<br>ii) الیکشن کمیشن قوانین، پاسپورٹ فارمز، سی این آئی سی فارمزاور جملہ دیگر ایسی دستاویزات جو مسلمانوں کیلئے لازمی حلف کیلئے استعمال ہوتی ہیں، میں حلف کی عبارت ایک جیسی کرنے پر غور کرے؛ اور<br>iii) نکاح نامہ میں حلف کو شامل کرنے کے لیے ارکان کا جائزہ لے۔ | تعمیل ہوگئی |
| | | viii) کمیٹی نے روضہ مبارک پر سیدنا حضرت محمد رسول | نمٹا دیا گیا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہِ واصحابہِ وسلم کی زیارت خاص کے لیے ایس اوپیز کی منظوری دی تا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عوام کی جانب سے انسانیت پر اُن کے احسانات کا اعتراف اور تشکر کیا جائے اور ہدایت کی کہ پاکستان کے گزٹ میں وزارت مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی کی جانب سے ایس اوپیز مشتہر کیے جائیں اور اس کی نقل قائمہ کمیٹی کو پیش کی جائے۔ | |

٦۔ ذیلی کمیٹی کی کارکردگی حسب ذیل ہے۔

| ہیئت ترکیبی | امور حوالہ جات | مقام اجلاس/تاریخ | سفارشات/رپورٹ |
|---|---|---|---|
| ۱)سید عمران احمد شاہ، رکن قومی اسمبلی، کنوینر<br>۲)جناب مجاہد علی، رکن قومی اسمبلی، رکن<br>۳)محترمہ شگفتہ جمانی، رکن قومی اسمبلی، رکن<br>۴)محترمہ شاہدہ اختر علی، رکن قومی اسمبلی، رکن | i)ختم نبوت کے احترام میں تمام قوانین / قواعد / قوانین موضوعہ / فارموں / آئینی دستاویزات کے تحفظ اور انہیں یکجا کرنے کے معاملے کی جانچ پڑتال اور ختم نبوت سے متعلقہ تمام قوانین / قواعد/ قوانین موضوعہ / فارموں / آئینی دستاویزات کے تحفظ کے طریق کار کو تقویت دینے سے متعلق مزید تجاویز پیش کرنا؛<br>ii)ذیلی کمیٹی تیس دن کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ | ۲۳/نومبر، ۲۰۲۰ء<br>دوپہر دو بجے<br>کمیٹی روم، وزارتِ مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی، کوہسار بلاک، پاک- سیکریٹریٹ، اسلام آباد۔ | i)وزارت برائے قانون وانصاف حضور پاک ﷺ کے تقدس کے تحفظ یا ختم نبوت کے تحفظ کو یقینی بنانے والے تمام قوانین سمیت، ختم نبوت سے متعلق درکار حلف ناموں، شیڈولوں اور فارموں کی فہرست تیار کرے گی۔<br>ii) جناب قمر سہیل لودھی، اپنے تیار کردہ بل پر ختم نبوت کے حوالے سے قوانین کی یکسانیت کے لیے نظر ثانی کریں اور آئندہ اجلاس میں حتمی مسودہ پیش کریں۔ جناب محمد اسلم، ڈپٹی ڈرافٹسمین، وزارت قانون وانصاف، اسلام آباد، جناب قمر سہیل لودھی کی اس ضمن میں معاونت کریں۔<br>iii) جناب قمر سہیل لودھی اور سید حبیب الحق شاہ، جامعہ رضویہ ضیا العلوم، ڈی بلاک، سیٹلائیٹ ٹاؤن، راولپنڈی کو آئندہ ہونے والے ذیلی کمیٹی کے اجلاسوں میں بطور خصوصی مدعوئین شرکت کی دعوت دی جائے۔<br>iv)ذیلی کمیٹی نے متفقہ طور پر سفارش کی کہ خاتم النبیین کے تقدس اور خاتمیت کی حفاظت کے لیے ایک کمیشن قائم کیا جائے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | v) تعلیمی محکموں سے بھی استدعا کی جائے گی کہ وہ تمام جماعتوں کے نصابوں میں عقیدہ ختم نبوت شامل کریں۔<br>vi) کمیٹی نے سفارش کی کہ ختم نبوت سے متعلق حلف کو نکاح نامے میں بھی شامل کیا جائے۔<br>vii) اسلامی نظریاتی کونسل اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں ترامیم (احسن الفاظ کا استعمال) سے متعلق اپنی سفارشات کی نقل پیش کرے گی۔<br>viii) پی آئی اے کو اپنے تمام مراسلہ جات اور ڈسپلے ز پر Mecca کی بجائے Makkah تحریر کرنا چاہیے۔<br>ix) پاک پیغمبر سیدنا محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بارے میں عقیدہ ختم نبوت سے متعلق الفاظ عدالتوں میں اٹھائے جانے والے حلف میں بھی شامل کیے جائیں۔ |
| | | **۲۳/دسمبر، ۲۰۲۰ء**<br>صبح گیارہ بجے بمقام کمیٹی روم نمبر ۷ چوتھی منزل، پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد۔ | i) ذیلی کمیٹی کا آئندہ اجلاس ان کیمرہ ہوگا۔<br>ii) جناب محسن نواز رانجھا، رکن قومی اسمبلی، جناب قمر سہیل لودھی، سپیشل سیکرٹری، قومی اسمبلی، جناب محمد اسلم، ڈپٹی ڈرافٹسمین وزارت قانون و انصاف اور سیکرٹری کمیٹی ۲۴ دسمبر، ۲۰۲۰ء کو سپیشل سیکرٹری، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے دفتر میں اجلاس کریں گے اور جناب قمر سہیل لودھی اور جناب محمد اسلم کے تیار کردہ بلوں کا ادغام کریں گے۔<br>iii) ذیلی کمیٹی نے ختم نبوت سے متعلق حلف نامے کے پرانے متن کو بہتر بنانے کا فیصلہ کیا اور اس پر اسلامی نظریاتی کونسل کی ماہرانہ رائے معلوم کرنے اور ازاں بعد وزارت قانون و انصاف کو اس کی جانچ پڑتال کے لیے ارسال کرنے کا فیصلہ کیا۔ |

حلف کا نیا متن درج ذیل ہو گا:۔

"۱۔ میں مسلمان ہوں اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم کو آخری نبی مانتا/مانتی ہوں اور آپ صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم کے آخری نبی ہونے کا زبان سے اقرار کرتا/کرتی ہوں اور دل و جان سے اس پر ایمان اور یقین رکھتا/رکھتی ہوں۔

۲۔ مزید برآں میں اس بات کی تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں خاتم النبیین والمرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم کی مکمل، حتمی اور غیر مشروط ختم نبوت پر ایمان رکھتا/رکھتی ہوں۔ اور یہ کہ میں نہ کسی ایسے شخص پر ایمان رکھتا/رکھتی ہوں اور نہ اسے بطور پیغمبر یا مذہبی مصلح/مجدد مانتا/مانتی ہوں۔ جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم کے بعد نبی یا پیغمبر ہونے کا کسی بھی مفہوم یا کسی بھی تشریح کے لحاظ سے دعویٰ کیا یا کرتا/کرتی ہو اور نہ ہی میں قادیانی گروپ یا لاہوری گروپ جو خود کو احمدی یا کسی اور نام سے موسوم کرتے ہیں سے تعلق رکھتا/رکھتی ہوں۔

۳۔ میں اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم کے بعد نبوت کے ہر دعویدار بشمول مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے تمام پیروکاروں کو جھوٹا اور لعنتی سمجھتا/سمجھتی ہوں۔"

iv) ذیلی کمیٹی نے حلف کے متن کے حتمی اعلان

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | سے قبل اس پر مسلمان علمائے کرام اور مفتیان کرام سے مشاورت کرنے کا فیصلہ کیا۔<br>v) ذیلی کمیٹی نے" قومی کمیشن برائے تحفظ ناموس رسالت وعقیدہ ختم نبوت" قائم کرنے کے لیے ایک مسودہ قانون تیار کرنے کا فیصلہ کیا۔<br>vi)عقیدہ ختم نبوت کے بارے میں حلف سے متعلق ایک نیا پیرا نمبر ۲۶ نکاح نامے میں شامل کیا جائے گا۔<br>vii)۔ محکمہ اوقاف و مذہبی امور، آزاد جموں وکشمیر اپنے محکمے بالخصوص شادی کی تقریبات اور ریکارڈ کو محفوظ رکھنے سے متعلق محکمے کے کردار اور مسلمان علمائے کرام و مفتیان کرام کے کردار کی تفصیلات مہیا کرے اور ذیلی کمیٹی کو پیش کرے۔ |

۷۔ ۳۱ر دسمبر، ۲۰۲۰ء کو قومی اسمبلی ر معزز اسپیکر کی جانب سے سپرد کردہ حسب ذیل بل کمیٹی کے سامنے زیر التواء تھے۔

| نمبر شمار | بل | سپرد کرنے کی تاریخ |
|---|---|---|
| ۱ | قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۹۹ کے تحت متعلقہ قائمہ کمیٹی کو محولہ معاملہ (محرک چوہدری طارق بشیر چیمہ، وزیر برائے مکانات و تعمیرات) | ۶ر جنوری، ۲۰۲۰ء |
| ۲ | قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۹۹ کے تحت رمنا بلڈنگ، اسلام آباد کی نیلامی میں وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے کردار کی بابت تفتیش کا حوالہ۔ (محرک جناب محسن نواز رانجھا، رکن قومی اسمبلی) | ۱۳ر فروری، ۲۰۲۰ء |
| ۳ | ختم نبوت کے ضمن میں تمام قوانین ر قواعد ر ضوابط ر فارمز ر قانونی دستاویزات کا تحفظ جو کہ تمام قوانین ر قواعد ر ضوابط ر فارمز ر قانونی دستاویزات کے تحفظ کے لیے محفوظ طریق کار اور اس سلسلے میں مزید تجاویز پر بحث ۔(محرک جناب محسن نواز رانجھا، رکن قومی اسمبلی) | ۹ر مارچ، ۲۰۲۰ء |

دستخط/-
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، یکم ستمبر، ۲۰۲۱ء

دستخط/-
(اسعد محمود)
چیئرمین